روحانی خزائن جلد 1 صفحہ 117 حاشیہ ١٥

کلامِ مُقدّس

کا

عہدِ عتیق و جدید

مغربی پاکستان کے اُسقُف صاحبان

کی ہدایت و اِجازت سے

بمُطابِق اصلی متن ترجمۂ مُصحّحہ

مطبُوعہ

سوسائٹی آف سینٹ پال

روما ۱۹۵۸ء

۲۷ قائم رہے گی؟ اور اگر مَیں بعل زبول کی مدد سے بدرُوحوں کو
نِکالتا ہُوں۔ تو تمہارے بیٹے کِس کی مدد سے نِکالتے ہیں؟
۲۸ اِس لِئے وُہی تمہارے مُنصِف ہوں گے۔ لیکن اگر مَیں خُدا
کی رُوح سے بدرُوحوں کو نِکالتا ہُوں۔ تو البتہ خُدا کی بادشاہی
۲۹ تمہارے پاس آ پہُنچی ہے۔ یا کیونکر کوئی کِسی زورآور کے
گھر میں گھُس کر اُس کا اسباب لُوٹ سکتا ہے۔ جب تک کہ
پہلے اُس زورآور کو نہ باندھ لے۔ پھر اُس کا گھر لُوٹ لے گا۔
۳۰ جو میرے ساتھ نہیں وہ میرے خِلاف ہے۔ اور جو میرے
ساتھ جمع نہیں کرتا وہ بِکھراتا ہے۔
۳۱ اِس لِئے مَیں تم سے کہتا ہُوں۔ کہ آدمیوں کا ہر گُناہ اور
کُفر مُعاف کِیا جائے گا۔ مگر جو کُفر رُوح کے حق میں ہو وہ
۳۲ مُعاف نہ کِیا جائے گا۔ اور جو کوئی ابنِ اِنسان کے خِلاف
کوئی بات کہے اُسے مُعاف کِیا جائے گا۔ مگر جو کوئی رُوح القدس
کے خِلاف کہے اُسے مُعاف نہ کِیا جائے گا۔ نہ موجودہ زمانے
۳۳ میں اور نہ آئندہ ہی میں۔ یا تو درخت کو اچھّا کہو اور اُس کے
پھل کو بھی اچھّا یا درخت کو ردّی کہو اور اُس کا پھل بھی ردّی
۳۴ کیونکہ درخت پھل ہی سے پہچانا جاتا ہے۔ اَے افعی کی
اولاد! تم بُرے ہو کر کیونکر اچھّی بات کہہ سکتے ہو؟ کیونکہ جس سے
۳۵ دِل لبریز ہے وُہی مُنہ پر آتا ہے۔ اچھّا آدمی اچھّے خزانے سے
اچھّی چیزیں نِکالتا ہے۔ اور بُرا آدمی بُرے خزانے سے بُری
۳۶ چیزیں نِکالتا ہے۔ پس مَیں تم سے کہتا ہُوں کہ ہر ایک
بے فائدہ بات جو آدمی کہیں گے وہ عدالت کے دِن اُس
۳۷ کا حساب دیں گے۔ کیونکہ تُو اپنی باتوں ہی سے راستباز

باب ۱۲: ۳۲۔ رُوح القدس کے خلاف کُفر گوئی سے غالباً ظاہر حق کے
خلاف سرکشی کرنا مراد ہے +
باب ۱۲: ۳۲۔ "نہ موجودہ زمانے میں اور نہ آئندہ ہی میں"۔ ان الفاظ
سے ثابت ہوتا ہے کہ ایسے گُناہ ہوں گے جن کی معافی آئندہ زمانے میں
بھی ملے گی۔ اِس سے اعراف کی موجودگی ثابت ہوتی ہے (ملاحظہ ہو مت
۵: ۳۶۔ ۱۲: ۳۶۔ ۱قر ۳: ۱۵)+

ٹھہرایا جائے گا اور اپنی باتوں ہی سے گُنہگار ٹھہرایا جائیگا۔

یُونس نبی کا نشان

۳۸ تب فقیہوں اور فریسیوں میں سے
بعض اُس سے مخاطب ہو کر کہنے لگے کہ اَے اُستاد ہم تجھ
۳۹ سے ایک نشان دیکھنا چاہتے ہیں۔ اُس نے اُن سے
جواب میں کہا کہ یہ بُری اور حرامکار پُشت نشان طلب کرتی
ہے۔ اور یُونس نبی کے نشان کے سِوا کوئی اور نشان اُسے
۴۰ نہ دیا جائے گا۔ کیونکہ جیسے یُونس تین رات دن مچھلی کے پیٹ
میں رہا ویسے ہی ابنِ اِنسان تین رات دن زمین میں رہیگا۔
۴۱ نینوا کے لوگ عدالت کے دن اِس پُشت کے ساتھ کھڑے ہو کر
اُسے مُجرم ٹھہرائیں گے۔ کیونکہ اُنہوں نے یُونس کی مُنادی پر
توبہ کر لی۔ اور دیکھو۔ یہاں وہ ہے جو یُونس سے بڑھ کر ہے۔
۴۲ جنُوب کی مَلکہ عدالت کے دِن اِس پُشت کے ساتھ کھڑی
ہو کر اُسے مُجرم ٹھہرائے گی۔ کیونکہ وہ زمین کے کنارے سے
سُلیمان کی حکمت سُننے کو آئی۔ اور دیکھو یہاں سُلیمان سے
بڑھ کر ہے۔
۴۳ جب ناپاک رُوح آدمی میں سے باہر نِکل جاتی ہے۔ تو
۴۴ بے آب جگہوں میں آرام ڈھونڈتی پھرتی ہے اور نہیں پاتی۔ تب
کہتی ہے کہ مَیں اُس گھر میں پھر جاؤں گی جس سے نِکلی تھی۔ اور
۴۵ آ کر اُسے خالی اور جھاڑا اور سنوارا ہُوا پاتی ہے۔ تب جا کر
اور سات رُوحیں جو اُس سے بدتر ہوں۔ اپنے ساتھ لاتی
اور وہ داخل ہو کر وہاں بستی ہیں سو اُس آدمی کا پچھلا حال
پہلے سے بھی بدتر ہو جاتا ہے۔ اِس شریر پُشت کا حال بھی
ایسا ہی ہوگا۔

خُداوند یسُوع کے رِشتہ دار

۴۶ جب وہ ہجُوم سے باتیں

باب ۱۲: ۴۰-۴۱- یون ۱: ۱۷؛ ۲: ۱؛ ۳-۵ +
باب ۱۲: ۴۲- ۱سل ۱۰: ۱؛ ۲-اخ ۹: ۱+
باب ۱۲: ۴۶ "خداوند یسُوع مسیح کے بھائی"۔ عبرانی اور اکثر مشرقی
زبانوں کے طرزِ کلام کے مطابق نہ فقط ایک ہی ماں باپ کی اولاد۔ بلکہ